ترجمہ کرو: ۔جَلَسَ •أَكَلَ •شَرِبَ •فَرِحَ •خَرَجْتَ •ذَهَبْتَ •رَجَعْتَ •فَعَلْتُ•أَكَلْتُ•شَرِبْتُ•قَرَأْتُ•قَرَأْتُ الدَّرْسَ شَرِبْتُ•شَرِبْتُ الْمَاءَ •أَكَلْتَ • أَكَلْتَ الْبُرْتَقَالَ•حَفِظْتَ•أَحَفِظْتَ الْقُرْآنَ؟ شَرِبْتُ اللَّبَنَ • شَرِبْتَ الشَّایَ • خَرَجْتُ بَعْدَه•هُوَ خَرَجَ وَرَائِي•مَنْ ذَهَبَ فِي الْعَرَبَةِ؟ أَأَكَلْتَ لَحْمًا طَرِيًّا؟ خَرَجْتُ الْيَوْمَ لِنُزْهَةِ الصَّبَاحِ•أَيْنَ ذَهَبْتَ فِيْ عُطْلَةِ الصَّيْفِ؟ مَا فَعَلْتَ الْآنَ؟ قَرَأْتُ دَرْسَ الْأَمْسِ وَ حَفِظْتُ•فَرِحَ الْأُسْتَاذُ بِيْ جِدًّا•أَفَهِمْتَ الدِّيْنَ؟ مَا فَهِمْتُ الدِّيْنَ جَيِّدًا•قَرَأْتُ تَارِيْخَ الْإِسْلَامِ•مَا قَرَأْتَ الْحَدِيْثَ•

الدرس العاشر (۱۰)

ماضی جمع

ترجمہ:- وہ اٹھا• اس نے لیا•اس نے پوچھا•اس نے سنا•اس نے شروع کیا•وہ اٹھے•انھوں نے لیا•انھوں نے پوچھا•انھوں نے سنا•انھوں نے شروع کیا•تم اٹھے •تم نے پکڑا•تم نے پوچھا•تم نے سنا•تم نے شروع کیا•ہم اٹھے•ہم نے پکڑا•ہم نے پوچھا•ہم نے سنا•ہم نے شروع کیا•اس نے شروع کیا•تو نے ختم کیا•انھوں نے سنا•ہم نے یاد کیا•تم نے سمجھا•تم واپس ہوئے•میں داخل ہوا•ہم نے پوچھا•اس نے پکڑا•انھوں نے کھایا•

استاذ کلاس میں داخل ہوئے تو طلبہ خاموش ہو گئے • مانیٹر نے سبق شروع کیا اور طلبہ نے اسے سنا • پھر مانیٹر نے سبق ختم کیا اور استاذ نے پوچھا • کیا تو نے سبق سمجھ لیا اے مانیٹر! • ہاں: میں نے سمجھ لیا اے میرے آقا! • پھر استاذ نے طلبہ سے پوچھا: کیا تم نے نیا سبق سنا اور سمجھ لیا؟ • طلبہ (نے جواب دیا) ہاں: ہم نے سنا اور ہم نے اچھی طرح سے سمجھ لیا • تھوڑی دیر بعد استاذ اٹھے اور کلاس سے نکل گیے اور طلبہ گھر چلے گئے•

جوابات:- قَرَأْتُ الدَّرْسَ•نَعَمْ: بَدَأْنَا الدَّرْسَ الْجَدِيْدَ•نَعَمْ : سَمِعَ التَّلَامِيْذُ الدَّرْسَ•نَعَمْ: فَهِمُوْهُ وَ حَفِظُوْه •نَعَمْ: بَدَأْتُ الْكِتَابَ الْعَرَبِيَّ

•نَعَمْ: فَهِمْنَا دَرْسَ الْأَمْسِ•عَرِيْفِى خَالِدٌ وَ هُوَ طَيِّبٌ•نَعَمْ: سَمِعْنَا الْقُرْآنَ• نَعَمْ: حَفِظْنَا دَرْسَنَا وَ فَهِمْنَا•نَعَمْ: اَلتَّلَامِيْذُ فَرِحُوْا بِالْأُسْتَاذِ•نَعَمْ: اَلْقُرْآنُ كِتَابُ اللهِ•

مناسب فعل لکھو

أَنَا سَمِعْتُ	نَحْنُ حَفِظْنَا	أَنْتُمْ أَخَذْتُمْ	أَنْتَ أَكَلْتَ
هُمْ شَرِبُوْا	أَنَا فَعَلْتُ	نَحْنُ قَرَأْنَا	أَنْتُمْ رَجَعْتُمْ
أَنْتَ خَرَجْتَ	أَنَا بَدَأْتُ	أَنْتَ خَتَمْتَ	نَحْنُ سَأَلْنَا

ترجمہ کرو:- نَهَضَ•ذَهَبَ •سَمِعَ •سَأَلَ•خَرَجُوْا•جَلَسُوْا•قَرَأَ• كَتَبَ •فَعَلْتَ •فَهِمْتَ •حَفِظْتَ •أَكَلْتُ •شَرِبْتُ •رَجَعْتُ • أَخَذْتُمْ • بَدَأْتُمْ•خَتَمْتُمْ•سَمِعْنَا•سَأَلْنَا•أَخَذَ الْأُسْتَاذُ الْكِتَابَ•قَرَأَتِ الْبِنْتُ الدَّرْسَ• فَهِمَ الْوَلَدُ الدَّرْسَ•نَهَضَ الْأَوْلَادُ لِلأُسْتَاذِ•بَدَءُوا الدَّرْسَ وَ فَهِمُوْا جَيِّدًا•فَرِحْتُ مِنْ هٰذَ االشُّغْلِ•فَرِحْتَ أَيْضًا•بَدَأَتُ الرِّيَاضَةَ الْبَدَنِيَّةَ • أَيْنَ ذَهَبْتَ مَعَ الْعَرِيْفِ؟ أَكَلْتُ الْأَعْنَابَ الْحُلْوَةَ•أَخَذْتَ التِّيْنَ الْكَثِيْرَةَ • خَتَمَ الْأَوْلَادُ الْمُحَادَثَةَ•رَجَعُوْا إِلَى الْبَيْتِ•مَافَعَلْتُمْ فِىْ عُطْلَةِ الشِّتَاءِ؟بَدَأْنَا الْعَرَبِيَّةَ فِىْ عُطْلَةِ الصَّيْفِ•اَلْعَرَبِىُّ لِسَانُ الْقُرْآنِ•مِنْ أَىِّ وَلَدٍ أَخَذْتَ الْحَكَايَةَ؟أَخَذْتُ الْحَكَايَةَ بِذٰلِكَ الْوَلَدِ•قَرَأَ ذٰلِكَ الْفَرَنْجِىُّ الْعَرَبِىَّ وَ فَهِمَ الْقُرْآنَ الْمَجِيْدَ أَيْضًا•لِمَنْ هٰذِهِ الْمِحْفَظَةُ؟ هِىَ لِىْ •فِيْهَا قَلَمُ الْحِبْرِ وَكُرَّاسَةٌ وَ مِبْرَاةٌ•أَأَخَذْتَ كُرَّاسَتِى أَحْمَدُ! نَعَمْ: أَخَذْتُ• أَفَهِمْتُمْ مَقْصَدَ الْإِسْلَامَ؟ •اَلْإِسْلَامُ خَيْرُ مَذْهَبٍ•رَسُوْلُنَا مُحَمَّدٌ ﷺ وَ رَحْمَةٌ لِلْعَالَمِيْنَ•إِلٰهُنَا وَاحِدٌ•وَ هُوَ خَالِقُنَا وَ رَازِقُنَا•

الدرس الحادی عشر (۱۱)

صبح میں تفریح

ترجمہ:- ہم صبح میں باغ کی طرف تفریح کے لیے نکلے• تو ہم اس میں داخل ہوئے اور پانی کے قریب ایک درخت کے نیچے بیٹھے• ہم نے خوب صورت پھولوں کو دیکھا اور ہم ان سے خوش ہوئے• ہمارے دوستوں میں سے ایک اٹھا اور درختوں کی طرف گیا• اور اس نے ایک پھول توڑا اور میوہ بھی• میں نے اس کو منع کیا اور دوستوں نے بھی اسے روکا لیکن وہ اپنے کام سے باز نہ آیا• تھوڑی دیر بعد باغ والا ظاہر ہوا اور اس سے پوچھا، تم نے میوہ کیوں توڑا اور بغیر اجازت اسے کیوں کھایا؟ کیا میں نے تجھے اجازت دی؟ میں نے اجازت نہیں دی• پھر اسے پکڑا اور اسے مارا• اے میرے دوستو! بغیر اجازت کسی چیز کو لینا بری عادت ہے•

جوابات:- خَرَجَ الْأَوْلَادُ إِلٰى حَدِيْقَةٍ•خَرَجُوْا فِي الصَّبَاحِ•جَلَسُوْا تَحْتَ شَجَرَةٍ عِنْدَ الْمَاءِ•فَرِحُوْا بِأَزْهَارٍ جَمِيْلَةٍ•قَطَفَ الْوَلَدُ الْفَاكِهَةَ•لَا، أَنَا مَنَعْتُهُ وَالْأَصْدِقَاءُ أَيْضًا مَنَعُوْه•لَا،مَا قَطَفَ الْوَلَدُ بِإِذْنٍ•ضَرَبَهُ صَاحِبُ الْحَدِيْقَةِ•لَا، مَا ضَرَبْنَا أَحَدًا•لَا، مَا دَخَلْنَا حَدِيْقَةً بِغَيْرِ إِذْنٍ•لَا، مَا أَخَذْنَا مِنْهَا شَيْئًا•

ترجمہ کرو:- مَا أَذِنْتُ لِأَحَدٍ•ضَرَبَ الْأُسْتَاذُ وَلَدًا شَرِيْرًا•أَمَا ضَرَبْتَ أَحَدًا؟ مَا مَنَعْنَا أَحَدًا مِنَ الْخَيْرِ إِلَى الْاٰنَ•مَا ذَهَبْنَا إِلٰى بَيْتِ أَحَدٍ بِغَيْرِ إِذْنٍ؟ أَخَذْتَ الْقِنْوَ الْأَحْمَرَ•أَخَذْنَا مَوْزًا أَصْفَرَ•قَطَفْتُ الْأَزْهَارَ الْكَثِيْرَةَ •فَرِحْنَا بِمُحَادَثَتِكَ جِدًّا •حَفِظَ الْأَوْلَادُ هٰذَاالدَّرْسَ جَيِّدًا •فَهِمُواالدِّيْنَ أَيْضًا •اَلدِّيْنُ سَهْلٌ لَا صَعْبٌ•

الدرس الثانی عشر (۱۲)

ترجمہ:- اس نے کیا• وہ کرتا ہے• وہ کرتے ہیں• وہ ہنسا• وہ ہنستا ہے• وہ ہنستے ہیں• اس نے مذاق کیا• وہ مذاق کرتا ہے• وہ مذاق کرتے ہیں• وہ کھیلا• وہ کھیلتا ہے• وہ کھیلتے ہیں• لڑکا کیا کر رہا

ہے؟ وہ اللہ کی عبادت کررہاہے• اب کیاکررہاہے؟ اب وہ رکوع کررہاہے پھر سجدہ کرے گا• کیا یہ نماز ہے؟ ہاں: یہ نماز ہے• وہ کیاکررہے ہیں؟ وہ کھیل رہے ہیں• ہنس رہے ہیں اور مذاق کررہے ہیں• وہ اب کیاکررہے ہیں؟ ان میں سے بعض بعض کو مار رہے ہیں• تو یہ مذاق کا نتیجہ ہے• یہ لڑکے اللہ کے رزق سے کھاتے اور پیتے ہیں لیکن عبادت نہیں کرتے ہیں•

جوابات:- لَا، لَا یَقْرَأُ ذٰلِكَ الْوَلَدُ •لَا، لَا یَکْتُبُ•نَعَمْ: یَعْبُدُ•لَا، لَا یَقْرَأُ هٰؤُلَاءِ الْأَوْلَادُ•لَا، لَا یَعْبُدُوْنَ•نَعَمْ: یَمْزَحُوْنَ•یَضْحَكُ الْأَوْلَادُ• یَعْبُدُ الْوَلَدُ•یَرْكَعُ الْوَلَدُ•یَسْجُدُ الْوَلَدُ•یَلْعَبُ الْأَوْلَادُ•نَعَمْ: اَلصَّلٰوةُ وَاجِبَةٌ عَلٰی كُلِّ مُسْلِمٍ•

مضارع (واحد وجمع) بناؤ

واحد	جمع	واحد	جمع
یَذْهَبُ	یَذْهَبُوْنَ	یَرْجِعُ	یَرْجِعُوْنَ
یَخْرُجُ	یَخْرُجُوْنَ	یَفْهَمُ	یَفْهَمُوْنَ
یَحْفَظُ	یَحْفَظُوْنَ	یَشْرَبُ	یَشْرَبُوْنَ
یَنْهَضُ	یَنْهَضُوْنَ	یَدْخُلُ	یَدْخُلُوْنَ
یَسْئَلُ	یَسْئَلُوْنَ	یَسْمَعُ	یَسْمَعُوْنَ
یَبْدَأُ	یَبْدَءُونَ	یَخْتِمُ	یَخْتِمُوْنَ
یَأْخُذُ	یَأْخُذُوْنَ	یَفْرَحُ	یَفْرَحُوْنَ
یَنْظُرُ	یَنْظُرُوْنَ	یَقْطُفُ	یَقْطُفُوْنَ
یَمْنَعُ	یَمْنَعُوْنَ	یَظْهَرُ	یَظْهَرُوْنَ
یَأْذَنُ	یَأْذَنُوْنَ	یَأْكُلُ	یَأْكُلُوْنَ

ترجمہ کرو :- یَذْهَبُ •یَلْعَبُ •یَضْحَكُ •یَقْرَءُوْنَ •یَكْتُبُوْنَ • یَخْرُجُوْنَ •یَجْلِسُوْنَ •یَلْعَبُوْنَ•یَأْكُلُ•یَشْرَبُ•یَفْرَحُ•لَا یَضْرِبُ•لَا یَسْئَلُ•

لَا يَقْطِفُ •لَا يَأْكُلُوْنَ•لَا يَشْرَبُوْنَ •يَذْهَبُ الْوَلَدُ الطَّيِّبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ •يَدْخُلُ الصَّفَّ وَ يَجْلِسُ بِأَدَبٍ•هُوَ يَسْمَعُ كُلَّ شَيْئٍ بِأُسْتَاذِهٖ•يَفْهَمُ وَ يَحْفَظُ جَيِّدًا•لَا يَضْرِبُ الْأُسْتَاذُ ذٰلِكَ الْوَلَدَ•هُوَ يَفْرَحُ بِهٖ جَيِّدًا•يَجْلِسُ الْأَوْلَادُ بِأَدَبٍ •يَقْرَءُوْنَ وَ يَكْتُبُوْنَ•ثُمَّ يَرْجِعُوْنَ إِلَى الْبُيُوْتِ•يَأْكُلُوْنَ وَ يَشْرَبُوْنَ•وَ يَقْرَءُوْنَ الْكُتُبَ•وَ يَسْمَعُوْنَ كَلَامَ اللّٰهِ •أَيَحْفَظُوْنَهٗ؟ أَيَعْمَلُوْنَ عَلَيْهِ•اَلْفَوْزُ مِنَ الْعَمَلِ لَامِنَ الْعِلْمِ•اَلصَّلٰوةُ وَاجِبَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ •اَللّٰهُ خَالِقُنَا • رَازِقُنَا •أَمَا شُكْرُهٗ وَاجِبٌ عَلَيْنَا؟ اَلصَّلٰوةُ عَلَامَةُ ذٰلِكَ الشُّكْرِ•هِيَ عِمَادُ الدِّيْنِ•يَذْهَبُ الْمُسْلِمُ كُلَّ وَقْتٍ لِلصَّلٰوةِ إِلَى الْمَسْجِدِ•اَلْمَسْجِدُ لِلصَّلٰوةِ لَا لِلْمُحَادَثَةِ •أَفَهِمْتُمْ غَرْضَ الصَّلٰوةِ؟ لَا ،مَافَهِمْتُمْ غَرْضَهَا•فِيْهَا فَوَائِدُ كَثِيْرَةٌ•

الدرس الثالث عشر (۱۳)

مضارع واحد حاضر و متکلّم

ترجمہ:- اس نے کیا•اس نے پڑھا•اس نے سمجھا•اس نے کھایا•وہ گیا•تو کرتا ہے•تو پڑھتا ہے•تو سمجھتا ہے•تو کھاتا ہے•تو جاتا ہے•میں کرتا ہوں•میں پڑھتا ہوں•میں سمجھتا ہوں•میں کھاتا ہوں•میں جاتا ہوں•

تو کیا کر رہا ہے اے حمید؟ میں کھانا کھا رہا ہوں•کیا تو ہمیشہ اکیلے کھانا کھاتا ہے؟ کبھی میں اکیلے کھاتا ہوں اور کبھی دوستوں کے ساتھ•اب تو کیا کھا رہا ہے؟ اب میں روٹی کھا رہا ہوں•کیا تو گھر میں چاول کھاتا ہے؟ ہاں: میں گھر میں دوپہر اور رات کے کھانے میں چاول کھاتا ہوں•کیا تو انٹر ول میں نہیں کھاتا ہے اے مجید؟ نہیں، میں کچھ نہیں کھاتا ہوں اے حمید؟

جوابات:- يَأْكُلُ حَمِيْدٌ الطَّعَامَ•نَعَمْ: يَأْكُلُ الْخُبْزَ•نَعَمْ: يَأْكُلُ الرُّزَّ • نَعَمْ: يَلْعَبُ الْأَوْلَادُ فِي الْفَتْرَةِ•نَعَمْ: يَأْكُلُوْنَ•نَعَمْ: يَقْرَءُوْنَ•نَعَمْ: أَشْرَبُ اللَّبَنَ •نَعَمْ: اٰكُلُ الْفَاكِهَةَ•نَعَمْ: أَفْهَمُ التَّمْرِيْنَ•

ترجمہ کرو: – (ا) تَضْحَكُ•تَلْعَبُ•أَقْرَءُ•أَعْبُدُ• تَجْلِسُ• أَنْهَضُ• تَخْرُجُ •أَدْخُلُ• آذَنُ•تَمْنَعُ•تَأْكُلُ•تَأْكُلُ الْخُبْزَ•تَشْرَبُ • تَشْرَبُ اللَّبَنَ•آخُذُ • آخُذُ زَهْرًا جَمِيْلًا•أَحْفَظُ•أَحْفَظُ الدَّرْسَ الْجَدِيْدَ •تَقْرَءُ فَارْسِيًّا•أَقْرَءُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ•آكُلُ الرُّزَّ وَالْخُبْزَ فِي الْغَدَاءِ أَيْضًا•نَشْرَبُ اللَّبَنَ بَعْدَ الْعَشَاءِ أَيْضًا•

(**ب**) اَلْمُسْلِمُ لَا يَغْفَلُ عَنِ الصَّلٰوةِ فِيْ حَالٍ مِنَ الْأَحْوَالِ•يَفْعَلُ كُلَّ عَمَلٍ بِإِخْلَاصٍ•لَا يَحْصُلُ الْفَوْزُ بِغَيْرِ إِخْلَاصٍ•لٰكِنَّ الْاٰنَ مَا فِيْنَا دِيْنٌ•مَا فِيْنَا خُلُوْصٌ •لِأَنَّنَا بَعُدْنَا مِنَ الْعِزَّةِ جِدًّا•وَالْآنَ لَنَا ذِلَّةٌ•هٰذِهٖ نَتِيْجَةُ أَعْمَالِنَا •نَطْلُبُ السُّمْعَةَ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ•وَالسُّمْعَةُ غَرْضُنَا•

الدرس الرابع عشر (۱۴)

مضارع جمع

ترجمہ:– توکرتا ہے•تم کرتے ہو•ہم کرتے ہیں•توپڑھتا ہے•تم پڑھتے ہو•ہم پڑھتے ہیں•تم لوگ کیاکرتے ہو؟ہم پڑھتے ہیں اور لکھتے ہیں•تم کیاپڑھتے ہو؟ہم کتابیں پڑھتے ہیں•تم کیالکھتے ہو؟ہم سبق لکھتے ہیں•کیاآج تم لوگ نہیں کھیلو گے؟ہم آج نہیں کھیلیں گے•کیاتم لوگ تفریح کے لیے نکلو گے؟ہاں ہم پڑھنے کے بعد نکلیں گے•تمھاراامتحان کس سال میں ہے؟اسی سال میں ہے•کون سے مہینے میں ہے؟اپریل کے مہینے میں ہے•کس دن سے ہے؟پیر کے دن سے ہے•

یہ امتحان کانظام الاوقات ہے

اردو: ----------------------پیر کے دن

تاریخ: ----------------------منگل کے دن

عربی: ---------------------- بدھ کے دن

دینیات: ----------------------جمعرات کے دن

حساب: ---------------------- جمعہ کے دن

انگریزی: ---------------------- ہفتہ کے دن

جوابات:- نَعَمْ: نَفْهَمُ الدَّرْسَ•نَعَمْ: نَقْرَأُ الْقُرْآنَ •نَعَمْ: نَفهَمُ الْقُرْآنَ•لَا، لَانَأكُلُ فِي الْفَتْرَةِ•نَعَمْ :نَلْعَبُ•نَعَمْ: نَعْبُدُ•نَعَمْ: اَنْهَضُ صَبَاحًا •لَا ، لَا أَمْزَحُ فِي الصَّفِّ•نَعَمْ: نَسْجُدُ لِلّٰهِ•لَا، لَاأَلْعَبُ بِكُرَةِ الْقَدَمِ •نَعَمْ: نَشْكُرُ لِلّٰهِ•

ترجمہ کرو:- تَلْعَبُوْنَ•نَقْرَأُ•نَاكُلُ الطَّعَامَ•تَشْرَبُونَ اللَّبَنَ•نَاكُلُ اللَّحْمَ •تَاكُلُوْنَ الثَّمَرَ•نَخْرُجُ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ•أَتَخْرُجُوْنَ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ؟ أَيْنَ تَذْهَبُوْنَ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ؟ أَيْنَ تَذْهَبُ يَوْمَ السَّبْتِ؟ هَلِ الْعُطْلَةُ يَوْمَ الْأَحَدِ ؟نَخْتِمُ الْكِتَابَ إِلٰى يَوْمِ الْخَمِيْسِ•مَاذَا تَاكُلُ فِي الْعَشَاءِ؟ أَلَاتَاكُلُ الْخُبْزَ فِيْ الْغَدَاءِ؟ بَرْنَامِجُنَا فِي الْعُطْلَةِ نُزْهَةٌ •شَهْرُ مَئ شَهْرُ الصَّيْفِ•شَهْرُ دِيْسَمْبَرْ فَصْلُ الشِّتَاءِ•شَهْرُ يَنَائِرَ اِبْتِدَاءُ عَامٍ•فِي مَارِسٍ وَ اَبْرِيْلِ اِمْتِحَانَاتُ الطَّلَبَةِ•

الدرس الخامس عشر (۱۵)

مخلوط ماضی ومضارع

ترجمہ:- مجید:(پوچھتا ہے)کیا آج تو مدرسہ جائے گا اے حمید!؟ حمید: (جواب دیتا ہے)ہاں:آج میں جاؤں گا،لیکن کل نہیں جاؤں گا•مجید:(پوچھتا ہے)کل توکیوں نہیں جائے گا؟ حمید: (جواب دیتا ہے)کل چھٹی کا دن ہے• مجید:(پوچھتا ہے)کیا تونے گزشتہ سبق یاد کرلیا؟ حمید:(جواب دیتا ہے)ہاں:میں نے یاد کرلیا•مجید(پوچھتا ہے)کیا تونے اور تیرے دوستوں نے ہوم ورک کرلیا؟حمید:(جواب دیتا ہے)ہاں:ہم نے بہت اچھی طرح کرلیا•مجید:(پوچھتا ہے)توہر دن مدرسہ کب جاتا ہے؟حمید:(جواب دیتا ہے)میں ناشتہ کے بعد مدرسہ جاتا ہوں•مجید:(پوچھتا ہے)توناشتہ میں کیاکھاتا ہے اور کیاپیتا ہے؟حمید:(جواب دیتا ہے)میں سالن سے روٹی کھاتا ہوں

اور چائے پیتا ہوں•مجید:(پوچھتا ہے)تو اور تیرے دوست سبق کے بعد کیا کرتے ہیں؟ حمید:(جواب دیتا ہے)ہم میدان میں فٹ بال کھیلتے ہیں•مجید:(پوچھتا ہے)کیا تم ہمیشہ اسی طرح کرتے ہو؟ حمید:(جواب دیتا ہے) ہاں: ہم اسی طرح کرتے ہیں•مجید: (پوچھتا ہے) کیا تیرے ساتھ تیرے دوست پڑھتے ہیں؟حمید:(جواب دیتا ہے)وہ دن میں میرے ساتھ پڑھتے ہیں اور رات میں اپنے گھروں میں پڑھتے ہیں•

جوابات:- لَعِبَ مَعِی صَدِیْقِی•قَرَأَ حَمِیْدٌ•کَتَبَ الْوَلَدُ•یَقْرَأُ مَعِی أَصْدِقَائِی •یَکْتُبُ حَمِیْدٌ•یَلْعَبُ الْوَلَدُ•نَعَمْ: یَلْعَبُ الْأَوْلَادُ•یَلْعَبُوْنَ فِی الصَّبَاحِ•یَلْعَبُوْنَ فِی الْمَیْدَانِ •نَعَمْ: قَرَءُواالدَّرْسَ•نَعَمْ: فَهِمُوْه •لَا، مَا أَکَلْتُ التِّیْنَ• نَعَمْ: أَکَلْتُ الْعِنَبَ•نَعَمْ: أَکَلْتُ التُّفَّاحَ•نَعَمْ: عَبَدْنَا اللهَ • نَعَمْ:سَجَدْنَالَه•نَعَمْ: أَشْرَبُ الشَّایَ•نَعَمْ: آکُلُ الْبُرْتَقَالَ•نَعَمْ: آکُلُ الْخُبْزَ •لَا،لَانَلْعَبُ غَدًا•نَعَمْ: نَقْرَأُ الْیَوْمَ•نَعَمْ: نَسْجُدُ لِلّٰهِ•نَعَمْ: خَرَجْنَا مَرَّتَیْنِ لِلنُّزْهَةِ•نَعَمْ: جَلَسْنَا فِی الْعَرَبَةِ•لَا: مَا لَعِبْتُ بِالْکُرَةِ•نَعَمْ: نَاکُلُ لَحْمًا طَرِیًّا •نَعَمْ: نَشْرَبُ لَبَنًا خَالِصًا •لَا،لَاأَقْرَأُ دَائِمًا•نَعَمْ: أَلْعَبُ فِی الْفَتْرَةِ•لَا: لَانَاکُلُ الرُّزَّ دَائِمًا•نَعَمْ: نَکْتُبُ بِقَلَمِ الْحِبْرِ•

ترجمہ کرو:- یَسْمَعُوْنَ کَلَامَ اللهِ•یَکْتُبُوْنَ الْکِتَابَ•لَا یَاکُلُوْنَ الطَّعَامَ •أَبْدَأُ الْعَرَبِیَّةَ•مَتیٰ تَبْدَأُ الْإِنْکِلِیْزِیَّةَ؟ أَقْرَأُ الدَّرْسَ الْجَدِیْدَ•تَحْفَظُ دَرْسَ الْأَمْسِ•تَلْعَبُ الْیَوْمَ•أَلْعَبُ غَدًا•نَشْرَبُ الشَّایَ•تَشْرَبُوْنَ اللَّبَنَ • نَعْبُدُ إِلٰهًا وَاحِدًا•کَتَبْتُ فُرُوْضَ الْمَدْرَسَةِ•مَا کَتَبْتَ إِلَی الْآنَ•لِمَاذَامَزَحْتُمْ مِنْهُ؟ لِمَاذَ ضَحِکْتُمْ عَلیٰ اُوْلٰئِکَ الْأَوْلَادِ؟ اَلْمَزَاحُ لَیْسَ بِجَیِّدٍ•نَاکُلُ الْخُبْزَ فِی الْفُطُوْرِ وَ نَشْرَبُ الشَّایَ•أَلْعَبُ تَارَةً بِکُرَةِ الْقَدَمِ وَ أَنَاوَحِیْدٌ وَ تَارَةً مَعَ الْأَصْدِقَاءِ • مَا ضَرَبْتُ أَحَدًا قَطُّ•لَا أَدْخُلُ فِی بَیْتٍ بِغَیْرِ اِذْنٍ•حَفِظْتُ دَرْسَ الْأَمْسِ جَیِّدًا•

ضمیروں کی مناسبت سے ماضی اور مضارع کے صیغے لکھو

ماضی	مضارع	ماضی	مضارع
أَنْتَ قَطَفْتَ	أَنْتَ تَقْطِفُ	هُوَ أَكَلَ	هُوَ يَاكُلُ
أَنَا سَجَدتُّ	أَنَا أَسْجُدُ	نَحْنُ رَكَعْنَا	نَحْنُ نَرْكَعُ
أَنْتُمْ عَبَدْتُّمْ	أَنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ	هُمْ مَزَحُوْا	هُمْ يَمْزَحُوْنَ
أَنَا لَعِبْتُ	أَنَا أَلْعَبُ	نَحْنُ خَرَجْنَا	نَحْنُ نَخْرُجُ
أَنْتَ أَذِنْتَ	أَنْتَ تَأْذَنُ	أَنْتُمْ عَلِمْتُمْ	أَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ
هُوَ سَأَلَ	هُوَ يَسْئَلُ	أَنَا رَجَعْتُ	أَنَا أَرْجِعُ
هُمْ سَمِعُوْا	هُمْ يَسْمَعُوْنَ	أَنْتَ فَهِمْتَ	أَنْتُمْ تَفْهَمُوْنَ
هُوَ حَفِظَ	هُوَ يَحْفَظُ	نَحْنُ قَطَفْنَا	نَحْنُ نَقْطِفُ
أَنْتُمْ نَظَرْتُمْ	أَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ	هُمْ شَرِبُوْا	هُمْ يَشْرَبُوْنَ

الدرس السادس عشر (۱۶)

کس نے پیدا کیا؟

ترجمہ:- دنیا کو کس نے پیدا کیا؟ اسے اللہ تعالی نے پیدا کیا• لوگوں کو کس نے پیدا کیا؟ انھیں اللہ تعالی نے پیدا کیا• جنت کو کس نے پیدا کیا؟ اس کو اللہ تعالی نے پیدا فرمایا• پھولوں کو کون پیدا کرتا ہے؟ ان کو اللہ تعالی پیدا کرتا ہے• آسمان کو کس نے پیدا کیا؟ اس کو اللہ تعالی نے پیدا کیا• تجھے کس نے پیدا کیا؟ مجھے اللہ تعالی نے پیدا کیا• تجھے رزق کون دیتا ہے؟ مجھے میرا رب رزق دیتا ہے• تمھیں پاک چیزوں سے رزق کون دیتا ہے؟ ہمارا رب ہمیں رزق دیتا ہے• کیا تم ایک معبود کی عبادت کرتے ہو؟ ہاں: ہم ایک معبود کی عبادت کرتے ہیں• کیا لوگوں نے کچھ پیدا کیا؟ نہیں ،انھوں نے کچھ پیدا نہیں کیا• کیا وہ کچھ پیدا کریں گے؟ نہیں، وہ کچھ پیدا نہیں کریں گے• کیا تم اپنے معبود کو پہچانتے ہو؟ ہاں: میں اسے پہچانتا ہوں• کیا زمین کو تم نے پیدا کیا؟ نہیں، ہم نے اس کو پیدا

نہیں کیا• بلکہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے•

جوابات:۔نَعَمْ: اَعْبُدُ اللهَ• لَا، لَا نَخْلُقُ شَيْئًا• يَرْزُقُنِي اللهُ• خَلَقَنَا اللهُ• لَا، مَا خَلَقْنَا السَّمَاءَ• يَرْزُقُنَا اللهُ مِنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ• نَعَمْ: فَهِمْنَا الدَّرْسَ• نَعَمْ: سَمِعْنَا الْقُرْآنَ• لَا، مَا ضَرَبْنَا أَحَدًا• لَا، مَاضَرَبَنِي الْأُسْتَاذُ• نَعَمْ: عَبَدتُّ اللهَ•

ترجمہ کرو:۔ أَخَذْتُ الْفَاكِهَةَ وَ أَكَلْتُهَا• أَتَاخُذُ الْكُتُبَ وَ تَقْرَأُهَا؟ أَعِنْدَكُمْ اَقْدَاحٌ صَغِيْرَةٌ ؟ أَنْظُرُهَا• عِنْدِيْ مِبْرَأَةٌ جَدِيْدَةٌ أَرَأَيْتَهَا ؟ عِنْدَهٗ مَحَّايَةٌ اٰخُذُهَا• اَلْعَرِيْفُ يَقْرَأُ الدُّرُوْسَ وَ يَحْفَظُهَا• لَا نَنْظُرُ إِلىٰ اِمْرَأَةٍ وَلَا نَضْرِبُهَا •هٰذِهٖ أَزْهَارٌ جَمِيْلَةٌ يَقْطِفُهَا الْأَوْلَادُ• هٰذِهٖ صَلٰوةٌ وَلَا نَغْفُلُ عَنْهَا • اَلْعَرَبِيَّةُ لِسَانُ الْقُرْاٰنِ وَلَنَقْرَأُهَا• هٰؤُلَاءِ عُلَمَاءُنَا أَتَعْلَمُوْنَ سِيْرَتَهُمْ؟ هٰذِهٖ مَسَاجِدُ أَتَعْبُدُوْنَ فِيْهَا؟ هٰذِهٖ قُبُوْرٌ أَيَسْجُدُهَا الْمُسْلِمُ؟ نَسْجُدُ اللهَ وَ نَعْلَمُهٗ رَبَّنَا •يَسْجُدُ بَعْضُ النَّاسِ مُرْشِدًا أَهٰذَا جَائِزٌ فِي الْإِسْلَامِ؟

الدرس السابع عشر (۱۷)

انّ مع ماضی ومضارع مخلوط

ترجمہ:۔ کیا تو گواہی دیتا ہے کہ اللہ ایک ہے؟ ہاں: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ ایک ہے • کیا تم جانتے ہو کہ کامیابی کوشش سے ہے؟ ہاں: ہم جانتے ہیں کہ کامیابی کوشش سے ہے • کیا طلبہ جانتے ہیں کہ سستی بری چیز ہے؟ ہاں: طلبہ جانتے ہیں کہ سستی بری چیز ہے • کیا طلبہ کو معلوم ہے کہ جسمانی ورزش مفید ہے؟ ہاں: طلبہ کو معلوم ہے کہ ورزش مفید ہے • کیا تمھیں معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ گناہوں کو بخشتا ہے؟ ہاں: ہمیں معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ گناہوں کو بخشتا ہے • کیا تونے اللہ کی عبادت کی اور اس کا شکر ادا کیا؟ ہاں: میں نے اس کی عبادت کی اور اس کا شکر ادا کیا، کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے پیدا کیا، اور پاک چیزوں سے رزق دیا اور تمام آفات وبلیات سے میری حفاظت فرمائی•

جوابات: نَعَمْ: أَعْلَمُ أَنَّ الْمُحَادَثَةَ مُفِيْدَةٌ•نَعَمْ: نَعْلَمُ أَنَّ الرِّيَاضَةَ ضَرُوْرِيَّةٌ•لِأَنَّ اللهَ خَلَقَنِي وَ رَزَقَنِي مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَ حَفِظَنِي مِنَ الْاٰفَاتِ•يَقْرَأُ الْأَوْلَادُ فِي الْمَدْرَسَةِ•نَعَمْ: بَدَأْتُ الْعَرَبِيَّ•نَعَمْ: لَعِبَ التَّلَامِيْذُ•اللهُ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ•نَعَمْ: خَتَمْتُ شُغْلِي•نَعَمْ: أَعْلَمُ أَنَّ الشُّكْرَ وَاجِبٌ•

ترجمہ کرو:- (ا) اَللهُ يَعْلَمُ وَ أَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ•يَعْرِفُوْنَ نِعْمَةَ اللهِ• يَغْفِرُ اللهُ لَكُمْ•يَقْرَءُوْنَ كُتُبَهُمْ•نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ•لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْئًا•يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ•لَا نَسْأَلُكَ رِزْقًا•

(ب) أَتَعْرِفُ هٰذَاالْوَلَدَ؟ نَعَمْ: أَعْرِفُ هٰذَاالْوَلَدَ جَيِّدًا•أَتَعْرِفُ أَنَّ الرِّيَاضَةَ مُفِيْدَةٌ ؟نَشْكُرُ اللهَ فَإِنَّ الشُّكْرَ وَاجِبٌ عَلَى الْإِنْسَانِ•نَعْلَمُ أَنَّ الْفَوْزَ بِالْجِدِّ•أَيَعْلَمُ الْمُسْلِمُ أَنَّ الصَّلٰوةَ وَاجِبَةٌ؟ أَلَا تَعْلَمُ أَنَّهَا وَاجِبَةٌ عَلٰى كُلِّ فَقِيْرٍ وَغَنِيٍّ وَصَغِيْرٍ وَ كَبِيْرٍ؟ لِمَاذَا لَا تَعْبُدُوْنَ اللهَ؟ اَلْعِبَادَةُ عَلَامَةُ الشُّكْرِ•

الدرس الثامن عشر (۱۸)

اسم تفضیل

ترجمہ: چھوٹا•بڑا•جاننے والا•اچھا•سستا•زیادہ چھوٹا•زیادہ بڑا•زیادہ جاننے والا•زیادہ اچھا•زیادہ سستا•زیادہ آسان•زیادہ لمبا•زیادہ مشکل• زیادہ خوب صورت•زیادہ نفع بخش•علم زیادہ نفع بخش ہے•علم کھیل سے زیادہ نفع بخش ہے•استاد زیادہ جاننے والا ہے•استاد طالب علم سے زیادہ جاننے والا ہے•چاند زیادہ چھوٹا ہے•چاند سورج سے چھوٹا ہے•نماز بہتر ہے• نماز نیند سے بہتر ہے•تو بہتر ہے•تو مجھ سے بہتر ہے•وہ برا ہے•وہ تجھ سے برا ہے•وہ بہتر ہیں•وہ مجھ سے بہتر ہیں•

جوابات: ۔اَلصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ•اَللَّبَنُ أَطْيَبُ مِنَ الشَّايِ•اَلْمُعَلِّمُ أَعْلَمُ مِنَ التِّلْمِيْذِ•اَلشَّمْسُ أَكْبَرُ مِنَ الْقَمَرِ•اَلْخُبْزُ أَنْفَعُ مِنَ الرُّزِّ•اَلنَّهَارُ خَيْرٌ مِنَ اللَّيْلِ•

ترجمہ کرو:–اَلْبُرْتَقَالُ أَرْخَصُ مِنَ التُّفَّاحِ•اَلْخُبْزُ خَيْرٌ مِنَ الرُّزِّ • اَلْقِطَّةُ أَكْبَرُ مِنَ الْفَارِ•هٰذَا أَكْبَرُ مِنْه•ذٰلِكَ أَصْعَبُ مِنْه•اَلْيَوْمَ خَيْرٌ مِنَ الْغَدِ •اَلْجَمَلُ أَطْوَلُ مِنَ الْفَرَسِ•اَلْعَرَبِيُّ أَقْدَمُ مِنَ الإِنْكِلِيزِيِّ•اَلْقِرَاءَةُ خَيْرٌ أَمِ اللَّعِبُ؟ اَلصَّلٰوةُ خَيْرٌ أَمِ النَّوْمُ ؟ اَلْقِرْدُ شَرٌّ أَمِ الْكَلْبُ؟ اَلْعِلْمُ خَيْرٌ أَمِ اللَّعِبُ؟ اَلرُّمَّانُ أَرْخَصُ أَمِ التُّفَّاحُ ؟

تمرین (۲)

ترجمہ:– (ا) اے میرے دوست !کیاتم جانتے ہوکہ وہ لڑکاکون ہے ؟ہاں:میں اس کو جانتاہوں•وہ میرامانیٹر ہے•کیاتم اس کے والد کو جانتے ہو؟نہیں، میں اس کے والد کونہیں جانتا ہوں•کیاوہ تمھارے ساتھ کھیلتاہے ؟ہاں:وہ میرے ساتھ کبھی کبھی کھیلتاہے•کیاتواس کے ساتھ تفریح کے لیے نکلا؟ ہاں: میں آج نکلا•تم تفریح کے لیے کب نکلتے ہو؟ہم فجر کے بعد نکلتے ہیں•کیا تیرے دوست باغ میں داخل ہوئے ؟ ہاں: وہ اس میں داخل ہوئے•کیاتم نے باغ میں کوئی چیز توڑی ؟نہیں،ہم نے کوئی چیز بغیر اجازت نہیں توڑی•تم ہوم ورک کب کرتے ہو؟میں اسے رات میں کرتاہوں•تم کس چیز سے اور کہاں کھیلتے ہو؟ہم میدان میں فٹ بال سے کھیلتے ہیں•

(ب) اللہ ہمارارب ہے اور وہ ہر چیز کارب ہے•اس نے زمین وآسمان، چاندوسورج کو پیداکیا•اس نے پھولوں اور پھلوں کو پیداکیااور ہر چیز کوپیداکیا•وہ ہمیں پاک چیزوں سے رزق عطا کرتاہے اور تمام آفات وبلیات سے ہماری حفاظت فرماتا ہے•توکیوں نہ ہم اس کی عبادت کریں اور اس کو سجدہ کریں حالانکہ وہ ہماری پکار سنتا ہے اور ہماری حالت کو جانتا ہے اور وہ سننے جاننے والا ہے•وہ گناہوں کوبخشتاہے اور وہ لوگوں پر کچھ بھی ظلم نہیں کرتااور وہ بخشنے والامہربان ہے•ہم ہر چیز کااس سے سوال کرتے ہیں اور کسی سے سوال نہیں کرتے ہیں•ہم گواہی دیتے ہیں کہ وہ اکیلا ہے

بادشاہت میں اس کا کوئی شریک نہیں ہے تو ہم اس کی تعریف کرتے ہیں اور ہمیشہ اس کا شکر ادا کرتے ہیں۔

الدرس التاسع عشر (۱۹)

امَرٌ

ترجمہ: – تواٹھتا ہے۔ توجاتا ہے۔ توپڑھتا ہے۔ توکھیلتا ہے۔ تواٹھ۔ توجا۔ توپڑھ۔ توکھیل۔ توسُن۔ توجان۔ توسمجھ۔ توکر۔ توپہن۔ تواتار۔ تومانگ۔ توپوچھ۔ توبیٹھ۔ تولوٹ۔ توبخش۔ تودھو۔ توعبادت کر۔ تودیکھ۔ تولکھ۔ توشکر کر۔ توکھا۔ تولے۔ توحکم دے۔ توسو۔

اے لڑکے! صبح نیند سے اٹھ۔ اپنے رب کی عبادت کر۔ کھا اور پی۔ اپنا لباس پہن۔ مدرسہ جا۔ کلاس میں ادب سے بیٹھ۔ اپنا سبق پڑھ اور اس کو سمجھ۔ اے لڑکو! پھر گھروں کی طرف واپس ہو۔ مدرسہ کا ڈریس اتار دو۔ اپنے ہاتھ اور منھ دھو، اپنے رب کی عبادت کرو، چائے پی کر میدان کی طرف نکلو اور اپنے دوستوں کے ساتھ کھیلو۔ پھر مغرب سے پہلے واپس ہو۔ اللہ کی عبادت کرو۔ ہوم ورک کرو۔ اللہ کے رزق سے کھاؤ اور پیو۔ اپنے رب کی عبادت کرو اور فجر تک سو۔

امر بناؤ، پڑھو اور لکھو

اِرْحَمْ	اِفْهَمْ	اِخْتِمْ	اِحْفَظْ	اِبْدَأْ	اِشْهَدْ	اِمْنَعْ	اِضْرِبْ	اِسْمَعْ

فقرات ذیل کے فعل کو امر واحد میں تبدیل کرو

اِقْرَأْ كِتَابَكَ	خُذِ الْكِتَابَ بِقُوَّةٍ	اِذْهَبْ بِكِتَابِي هٰذَا
اُعْبُدْ رَبَّكَ	اُدْخُلِ الْجَنَّةَ	اِغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا

امر جمع بناؤ

اُعْبُدُوا اللهَ	اُشْكُرُوا لَهٗ	اِفْعَلُوا الْخَيْرَ
اِسْئَلُوا اللهَ	اِعْلَمُوا أَنَّ اللهَ غَفُوْرٌ رَحِيْمٌ	كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبَاتِ

ترجمہ کرو:- اِحْمَدِ اللّٰہَ•اِنْفَع النَّاسَ •اِعْرِفْ صَدِیْقًا طَیِّبًا •اِحْفَظِ الدَّرْسَ الْقَدِیْمَ جَیِّدًا وَالدَّرْسَ الْجَدِیْدَ أَیْضًا•اِذْھَبْ إِلیَ الْمَیْدَانِ وَالْعَبْ کُرَۃَ الْقَدَمِ•خُذِ الْکِتَابَ وَاقْرَأ•اِغْسِلِ الْیَدَ وَکُلِ الطَّعَامَ•کُلِ الرُّزَّ تَارَۃً وَ کُلِ الْخُبْزَ تَارَۃً•اِنْھَضُوْا وَانْظُرُوْا إِلیَ السَّمَاءِ•اُنْظُرُوْا الشَّمْسَ فِی النَّھَارِ وَانْظُرُوْا الْقَمَرَفِی اللَّیْلِ•کُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَاشْکُرُوْا•وَاخْرُجُوْا لِلنُّزْھَۃِ صَبَاحًا •اِفْعَلُوْاالْخَیْرَ وَادْخُلُوْا الْجَنَّۃَ•اَللّٰھُمَ ! اِغْفِرْ ذُنُوْبِی•أَنَا عَبْدُکَ•أَنْتَ رَبِّی•اُعْبُدِ اللّٰہَ•وَ لَا تَعْبُدْ وَطَنًا•حَمِدَ اَحْمَدُ•

الدرس العشرون(۲۰)

نہی

ترجمہ:- توہنستا ہے•تومذاق کرتا ہے•توبناتا ہے•توجھوٹ بولتا ہے•تومت ہنس•تو مذاق مت کر•تومت بنا•توجھوٹ مت بول•تورنجیدہ مت ہو•توسستی مت کر•تومت مار•تو داخل مت ہو•تومت نکل•تومت دیکھ•تومت کھیل•تومت چھوڑ•

اے لڑکے! دیر سے مدرسہ مت جا•اورکسی پر مت ہنس اور ہمیشہ مذاق مت کر• اور رنجیدہ مت ہو•اورسستی مت کر• جھوٹ مت بولواس لیے کہ جھوٹ بری عادت ہے•اور کھیل کے وقت مت پڑھواور پڑھنے کے وقت مت کھیلو•اور لوگوں سے ان کی چیزیں مت مانگوں•اللہ کے ساتھ دوسرا معبود مت ٹھہراؤ• سورج اور چاند کو سجدہ نہ کرو•

ترجمہ کرو:- لَا تَعْبُدِ الشَّیْطَانَ•لَا تَحْزَنْ عَلَیْھِمْ•لَا تَاکُلُوْا مَالَ الْیَتِیْمِ • لَاتَاخُذُوْا مِنْہُ شَیْئًا•لَا تَنْھَضُوْا بِالتَّاخِیْرِ•لَا تَجْعَلِ الْقِرَاءَۃَ لَعِبًا•لَا تَضْرِبْ أَحَدًا•لَا تَکْسَلْ فِیْ شُغْلٍ•اِفْعَلُوْا کُلَّ شُغْلٍ عَلیَ الْوَقْتِ•لَا تَضْحَکُوْا اَمَامَ الْأُسْتَاذِ•لَا تَطْلُبُوْا السُّمْعَۃَ•لَا تَنَامُوْا وَقْتَ شُغْلٍ•لَا تَحْزَنْ فَإِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا •لَا تَلْعَبُوْا فِی الْبَیْتِ•اِلْعَبُوْا فِیْ مَیْدَانٍ کَبِیْرٍ•لَاتَقْطِفُوْا اَثْمَارًا•

اِفْعَلُوْا الشُّغْلَ وَلَا تَكْسَلُوْا •وَافْرَحُوْا لَا تَحْزَنُوْا•اِذْهَبُوْا إِلىٰ صَاحِبِ الْفَاكِهَانِيِّ •لَا تَاخُذُوْا شَيْئًا بِغَيْرِ اِذْنٍ•اَللّٰهُمَ !نَعْبُدُكَ وَ نَشْكُرُكَ•لَا نَعْبُدُ إِلٰهًا اٰخرَ•خَلَقْتَنَا وَ حَفِظْتَنَا مِنْ كُلِّ اٰفَةٍ•

الدرس الحادی والعشرون (۲۱)

مخلوط امرونہی

ترجمہ: – اے لڑکے! صبح سویرے نیند سے بیدار ہو جا• اور اللہ کی عبادت کر• اس لیے کہ اس نے تجھے پیدا کیا اور تجھے پاک چیزوں سے رزق دیا اور ہر آفت سے تجھے بچایا• کبھی نماز مت چھوڑ• مدرسہ اس کے وقت میں جا• کلاس میں ادب سے بیٹھ• خاموش رہ، ہنسی مذاق مت کر• اس لیے کہ مذاق ہمیشہ اچھی چیز نہیں ہے• اے لڑکو! اللہ کے رزق سے کھاؤ اور پیو اور اس کا شکر ادا کرو• اس لیے کہ وہ تمہیں بے حساب رزق دیتا ہے• مسکینوں کی مدد کرو، ان پر رحم کرو، ان پر ظلم نہ کرو، بھلائی کرو، ہمیشہ سچ بولو اس لیے کہ سچ لائق تعریف ہے• جھوٹ مت بولو اس لیے کہ جھوٹ برا ہے• تو ان نصیحتوں پر عمل کر و اس لیے کہ وہ بڑی کامیابی ہے•

ترجمہ کرو:–أُعْبُدُوْا إِلٰهًا وَاحِدًا•اِحْمَدُوْه•أُخْرُجُوْا لِلنُّزْهَةِ صَبَاحًا • لَا تَتْرُكُوْا الرِّيَاضَةَ الْبَدَنِيَّةَ•اِجْلِسُوْا اَمَامَ الشُّيُوْخِ بِأَدَبٍ•اِلْعَبُوْا كُرَةَ الْقَدَمِ إِلَى الْمَغْرِبِ•لَا تَلْعَبُوْا مَعَ الْأَشْرَارِ بَلْ اِلْعَبُوْا مَعَ الْخِيَارِ•اِعْلَمُوْا أَنَّ اللَّعِبَ مَعَ الْقِرَاءَةِ ضَرُوْرِيٌّ أَيْضًا•كُلُوْا لَحْمًا طَرِيًّا اَوْ كُلُوْا أَثْمَارًا جَيِّدَةً •اِشْرَبُوْا لَبَنًا خَالِصًا•لَا تَمْنَعُوْا أَحَدًا عَنِ الْخَيْرِ•لَا تَمْزَحْ مِنَ الشُّيُوْخِ•لَا تَضْحَكْ عَلَيْهِمْ •أُنْصُرْ كُلَّ مِسْكِيْنٍ•اُصْدُقْ دَائِمًا لِأَنَّ الْكِذْبَ شَيْئٌ مَذْمُوْمٌ •

الدرس الثانی والعشرون(۲۰)

تمرینی

ترجمہ: – سیتا پھل ایک پھل ہے• اس کا درخت دکن میں اُگتا ہے• اس کی شکل گیند

کی طرح ہوتی ہے• اس کا چھلکا موٹا ہوتا ہے پتلا نہیں• اس کا رنگ ہرا ہوتا ہے اور اس پر آنکھوں کی طرح چھوٹے چھوٹے حلقے ہوتے ہیں• جیسا کہ اس تصویر سے ظاہر ہوتا ہے• اس کے اندرونی حصہ میں سفید مغز ہوتا ہے• اور وہ بہت میٹھا ہوتا ہے• اس میں بیج ہوتے ہیں، ان کا رنگ کالا ہوتا ہے• سیتاپھل غریبوں کا میوہ ہے وہ اسے بہت کھاتے ہیں• اس لیے کہ وہ بہت سستا ہے• یہ اللہ کا فضل ہے کہ اس نے انھیں سستے میٹھے میوہ کا رزق دیا• اے لوگو! اس نعمت پر اللہ کا شکر ادا کرو•

جوابات:- يَنْبُتُ شَجَرُالسِّتَافَل فِي الدَّكَنِ •شَكْلُ السِّتَافَل كَالْكُرَةِ • قِشْرُهُ ثَخِيْنٌ•لَوْنُهُ أَخْضَرُ•فِيْ دَاخِلِهٖ لُبٌّ•يَأكُلُهُ الْفُقَرَاءُ كَثِيْرًا•لَوْنُ اللُّبِّ أَبْيَضُ •نَعَمْ: هُوَ حُلْوٌ جِدًّا•لَوْنُ الْبَذْرِ أَسْوَدُ•نَعَمْ: نَظَرْنَا شَجَرَ السِّتَافَل •نَعَمْ: قَطَفْنَا السِّتَافَل مَرَّةً•

ترجمہ کرو:- (ا) أَنَظَرْتُمْ اَشْجَارَ السِّتَافَل ؟قِشْرُ السِّتَافَل ثَخِيْنٌ •فِيْ دَاخِلِهَا بُذُوْرٌ جِدًّا•اَشْجَارُ السِّتَافَل صَغِيْرَةٌ•كُلُوْاالسِّتَافَل وَاشْرَبُوْا الْمَاءَ • اَلسِّتَافَلُ رَخِيْصٌ جِدًّا•عَلٰى قِشْرِ السِّتَافَل حَلَقَاتٌ صَغِيْرَةٌ•هِيَ كَالْعُيُوْنِ •اِغْسِلُوْاالْأَيْدِيْ وَالْوُجُوْهَ•اِجْلِسُوْاوَ كُلُوْاالسِّتَافَلَ•اَلسِّتَافَلُ شَيْئٌ طَيِّبٌ •اَلْفُقَرَاُ يَاكُلُوْنَ السِّتَافَل كَثِيْرًا•اَلسِّتَافَلُ اَرْخَصُ مِنَ الْبُرْتَقَالِ •اَلسِّتَافَلُ اَنْفَعُ أَمِ الْبُرْتَقَالُ ؟

(ب) لَا تَتْرُكُوْاالصَّلٰوةَ فِيْ حَالٍ مِنَ الْأَحْوَالِ لِأَنَّهَا عِمَادُ الدِّيْنِ •اُنْصُرُوْا الْفُقَرَاءَ وَالْمَسَاكِيْنَ•نُصْرَتُهُمْ وَاجِبٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ•اَلْإِسْلَامُ لَيْسَ بِمَذْهَبِ الْأَغْنِيَاءِ•اِفْعَلُوْا كُلَّ شُغْلٍ بِإِخْلَاصٍ•لٰكِنْ لَا خُلُوْصَ فِيْنَا •لِأَنَّ الْفَوْزَ بَعِيْدٌ مِنَّا•اِفْهَمُوْاالْإِسْلَامَ صَحِيْحًا•طَلَبُ السُّمْعَةِ لَيْسَ بِشَيْئٍ جَيِّدٍ•لَا تَغْفُلُوْا عَنْ عِلْمٍ دِيْنِيٍّ، هُوَ ضَرُوْرِيٌّ جِدًّا•

الدرس الثالث والعشرون(۲۳)

ترجمہ:- تم دیکھو! دودھ والا (گوالا) کیسے دودھ دوہ رہا ہے؟ گائے کھڑی ہے، اور اس کا بچھڑا اس کے پیچھے ہے، اور دودھ والا بیٹھ کر دودھ دوہ رہا ہے• اس کے ہاتھ میں برتن ہے• دودھ بہت مفید ہے• ہم اسے پیتے ہیں اور اس سے دہی اور بالائی بناتے ہیں• دہی سے ہم مکھن بناتے ہیں اور مکھن سے گھی بناتے ہیں• اور گھی ضروری چیز ہے• اے لڑکو! صبح نیند سے اٹھو اور جسمانی ورزش کے بعد دودھ پیو اس لیے کہ وہ تمہیں بہت فائدہ دے گا۔

جوابات:- يَحْلُبُ اللَّبَّانُ الْبَقَرَةَ•فِيْ يَدِهٖ إِنَاءٌ•لَا، هُوَ لَيْسَ بِوَاقِفٍ بَلْ هُوَ جَالِسٌ•نَعَمْ: أَكَلْنَا الزُّبْدَةَ•نَعَمْ: نَاكُلُ السَّمَنَ•لَا، اَلْبَقَرَةُ لَيْسَتْ بِجَالِسَةٍ بَلْ هِيَ وَاقِفَةٌ•اَلْعِجْلُ وَرَاءَهَا•اَلْإِنَاءُ فِيْ يَدِ اللَّبَّانِ•نَصْنَعُ الزُّبْدَةَ مِنَ الرَّوْبَةِ•

ترجمہ کرو:- اِشْرَبُوا اللَّبَنَ فَإِنَّهٗ مُفِيْدٌ جِدًّا•اَلرِّيَاضَةُ الْبَدَنِيَّةُ ضَرُوْرِيَّةٌ جِدًّا•يَجْعَلُ اللَّبَنُ الْوَلَدَ قَوِيًّا•فِيْ بَيْتِي بَقَرَةٌ سَمِيْنَةٌ•لَبَنُهَا كَثِيْرٌ•ذٰلِكَ اللَّبَّانُ رَجُلٌ مُجْتَهِدٌ•يَصْنَعُ الرَّوْبَةَ مِنَ اللَّبَنِ•يَصْنَعُ الزُّبْدَةَ مِنَ الرَّوْبَةِ• وَيَصْنَعُ السَّمَنَ مِنَ الزُّبْدَةِ•لَا يَمْزُجُ الْمَاءَ فِي اللَّبَنِ•أَأَكَلْتُمُ الْقِشْطَةَ تَارَةً؟ هِيَ لَذِيْذَةٌ جِدًّا•يَصْنَعُ النَّاسُ الطَّعَامَ مِنَ اللَّحْمِ وَالرُّزِّ وَالسَّمَنِ•ذٰلِكَ الطَّعَامُ لَذِيْذٌ جِدًّا•اِسْمُهُ الرُّزُّ مَعَ اللَّحْمِ•اَللَّبَنُ خَيْرٌ اَمِ الْقِشْطَةُ؟ اَللَّبَنُ اَنْفَعُ مِنَ الرَّوْبَةِ اَمِ الرَّوْبَةُ؟ أَيَعْبُدُ الْمُسْلِمُ بَقَرَةً؟ لَا، يَعْبُدُ اِلٰهًا وَاحِدًا•اَلْبَقَرَةُ خَلِيْقَةٌ وَاللهُ خَالِقُهَا•اَلْعِبَادَةُ لِلْخَالِقِ لَا لِلْمَخْلُوْقِ•نَعْلَمُ أَنْ نَشْرَبَ لَبَنَهَا•وَهِيَ لَنَا حَيْوَانٌ مُفِيْدٌ•وَ فِيْهَا فَوَائِدُ كَثِيْرَةٌ•لٰكِنْ أَلَا تَعْلَمُوْنَ أَنَّ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ فَوائِدَ؟ فِي الْمَاءِ فَوَائِدُ•فِي الْهَوَاءِ فَوَائِدُ•فِي التُّرَابِ فَوَائِدُ•لٰكِنْ فِي الإِنْسَانِ أَكْثَرُ فَوَائِدَ مِنْهَا•أَتَعْبُدُوْنَ كُلَّهَا؟ لَا، بَلْ نَعْبُدُ إِلٰهًا وَاحِدًا فَقَطْ •خَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ•خَلَقَ الْأَرْضَ وَالسَّمَاءَ، وَخَلَقَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَخَلَقَ الْهَوَاءَ وَالْمَاءَ•وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ•لَا شَرِيْكَ لَهٗ•هُوَ أَحَدٌ•

الدرس الرابع والعشرون(۲۴)

تمرین۔دنیا

ترجمہ:- اے لڑکو! کیا تم جانتے ہو کہ دنیا کو کس نے پیدا کیا اور کس چیز سے پیدا کیا؟ سنو! بے شک اللہ تعالی نے اسے مٹی، ہوا، پانی اور آگ سے پیدا کیا• آسمان کی طرف دیکھو کیسے اللہ تعالی نے اسے پیدا فرمایا؟ اور اس میں سورج، چاند اور ستارے بنائے• اور تمھارے لیے دن اور رات بنایا• تو رات کو ٹھکانہ بنایا اور دن کو روزگار کے لیے بنایا• تو تم دن میں کام کرتے ہو اور رات میں سوتے ہو• زمین کی طرف دیکھو کیسے اللہ تعالی نے اسے تمھارے لیے پیدا کیا اس پر تمھارے گھر ہیں جن میں تم رہتے ہو• اور بڑے بڑے پہاڑ اور بڑے بڑے سمندروں کی طرف دیکھو، کیسے اللہ تعالی نے انھیں پیدا فرمایا• اور اس کی قدرت سے یہ ہے کہ پانی آسمان سے گرتا ہے تو اس سے درخت اگتے ہیں، اور اس سے پھل اور پھول نکلتے ہیں•

اے لڑکو! تو تم پھلوں سے کھاتے ہو اور پھولوں سے خوش ہوتے ہو • تو تم اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو یاد کرو اور اس کا شکر ادا کرو • تو وہ تمھارا رب ہے اور ہر چیز کا رب ہے • کیا تم شکر نہیں کرتے ہو؟

جوابات:- خَلَقَهَا اللّٰهُ•خَلَقَهَا اللّٰهُ•جَعَلَهَا فِي السَّمَاءِ•جَعَلَهٗ فِي السَّمَاءِ •نَرْقُدُ فِي اللَّيْلِ•نَعْمَلُ فِي النَّهَارِ•نَسْكُنُ عَلَى الْأَرْضِ•يَنْزِلُ الْمَاءُ مِنَ السَّمَاءِ •يَنْبُتُ الْأَشْجَارُ مِنَ الْمَاءِ•نَعَمْ: نَشْكُرُ اللّٰهَ•نَعَمْ: نَذْكُرُ نِعْمَتَه•

ترجمہ کرو:- اِعْمَلُوْا فِي النَّهَارِ وَارْقُدُوْا فِي اللَّيْلِ•لِأَنَّ اللَّيْلَ لِلنَّوْمِ • وَلَا تَغْفُلُوْا عَنْ شُكْرِ اللّٰهِ اَبَدًا•اَلْكَوَاكِبُ فِي السَّمَاءِ كَثِيْرَةٌ جِدًّا•خَلَقَ اللّٰهُ أَسْمَاكًا كَثِيْرَةً فِي الْبَحْرِ•نَاكُلُ الْبُرْتَقَالَ فِي فَصْلِ الصَّيْفِ•كُلُوْا الرُّمَّانَ فِيْ فَصْلِ الصَّيْفِ•لِأَنَّهٗ بَارِدٌ•كُلُوْا التِّيْنَ فِيْ فَصْلِ الشِّتَاءِ لِأَنَّ التِّيْنَ حَارٌّ •اُعْبُدُوْا اللّٰهَ لِأَنَّهٗ اَعْطَاكُمْ كُلَّ نِعْمَةٍ•لَهٗ عِبَادَةٌ•اِعْمَلُوْا بِتَعْلِيْمِ الْإِسْلَامِ•فِيْهِ

فَوْزٌ كَبِيْرٌ•اِعْلَمُوْا جَيِّدًا أَنَّ خَيْرَ التَّعْلِيمِ تَعْلِيْمٌ اِسْلَامِيٌّ•لِذٰلِكَ طَالَعُوْا السِّيْرَةَ الطَّيِّبَةَ•

الدرس الخامس والعشرون(۲۵)

قرآن مجید(۱)

ترجمہ:- تمھارا معبود ایک معبود ہے•اور وہ اللہ ہے آسمانوں اور زمین کا•اور اللہ نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا اور تمھارے لیے تمھارے گھروں کو ٹھکانہ بنایا•اور اس نے ہر چیز کو پیدا کیا •اللہ کے رزق سے کھاؤ اور پیو• اور اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو یاد کرو•اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو تمھارے لیے اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں•اے لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو•اور نیک کام کرو• سجدہ نہ کرو سورج کو اور نہ چاند کو اور اپنے رب اللہ کو سجدہ کرو•تمھارا رب تم سے زیادہ جانتا ہے•وہ تمھارا چھپا اور ظاہر سب جانتا ہے•بے شک اللہ تعالی بندوں کو دیکھتا ہے•جان لو کہ اللہ کا عذاب سخت ہے•اور بے شک اللہ تعالی بخشنے والا مہربان ہے•تمھارے رب نے اپنے ذمہ کرم پر رحمت لازم کرلی ہے•اور اللہ تعالی لوگوں سے تمھاری حفاظت فرمائے گا•اللہ تعالی قیامت کے دن تمھارے درمیان فیصلہ فرمائے گا•بے شک اللہ تعالی کا وعدہ سچ ہے•اور گواہی کو نہ چھپاؤ•زمین وآسمان سے تمہیں کون رزق دیتا ہے؟

جوابات:- نَعَمْ:أَسْجُدُ لِلّٰهِ•لَا،لَا نَسْجُدُ لِلشَّمْسِ•نَعَمْ: نَذْكُرُ نِعْمَتَه •اَللّٰهُ يَعْلَمُ السِّرَّ•اَللّٰهُ يَعْلَمُ الْجَهْرَ•إِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ•نَعَمْ: إِلٰهُنَا وَاحِدٌ•نَعَمْ: رَبُّنَا أَعْلَمُ•نَعَمْ: عِقَابُهُ شَدِيْدٌ•.

ترجمہ کرو:-اِعْمَلُوْا عَمَلًا صَالِحًا•لِأَنَّهُ خَيْرٌ لَكُمْ•اِعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ كُلَّ شَيْءٍ•لَا يَغْفَلُ عَنْ اَحَدٍ•هُوَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ•اِعْلَمُوْا جَيِّدًا أَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ•وَ هُوَ رَحِيْمٌ أَيْضًا•أَتَعْلَمُوْنَ أَنَّ اللّٰهَ خَلَقَكُمْ مِنْ طِيْنٍ•قُدْرَتُهُ كَبِيْرَةٌ جِدًّا•أُنْظُرُوْا كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ جِبَالًا كَبِيْرَةً•وَ كَيْفَ خَلَقَ الْبِحَارَ أَيْضًا•

الدرس السادس والعشرون(۲۶)

قرآن مجید(ب)

ترجمہ:-بے شک اللہ کے ولیوں کو نہ کچھ خوف ہے نہ کچھ غم•تم جنت میں داخل ہوجاؤ، تم پر نہ کچھ خوف ہے نہ کچھ غم•تمھارے لیے اس میں بہت سارے میوے ہیں اور تم اس میں سے کھاتے ہو•اور وہ بڑی کامیابی ہے•اللہ کے لیے زمین وآسمان کی بادشاہت ہے•اے میرے رب!میں نے اپنی جان پر زیادتی کی، تو مجھے بخش دے•اے میرے رب!اس(شہر) کو امن والا شہر بنادے•اور اس کے رہنے والوں کو پھلوں سے روزی دے•تو ہمارا مولیٰ ہے تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما•اور ہمارے لیے اس دنیا میں بھلائی لکھ دے•تم اللہ کی رحمت سے نا امید مت ہو بے شک اللہ تعالی سب گناہوں کو بخش دیتا ہے•بے شک وہی بخشنے والا مہربان ہے•بے شک شرک ضرور بڑا گناہ ہے•بے شک اللہ میرا اور تمھارا رب ہے تو اسی کو پوجو، یہ سیدھا راستہ ہے•اور ہم نے تم سے پہلے کسی آدمی کے لیے ہمیشگی نہ بنائی•اے لوگو!تم سب اللہ کے محتاج ہو اور اللہ ہی بے نیاز ہے سب خوبیوں سے سراہا•ہر گروہ کا ایک وعدہ ہے •ہر امت کے لیے ایک رسول ہے۔

جوابات:-لَا،أَوْلِيَاءُ اللهِ لَا يَحْزَنُوْنَ•لَا،لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ فِي الْجَنَّةِ • اَلسَّمٰوٰتُ لِلّٰهِ•اَلْأَرْضُ لِلّٰهِ•لَا، لَاأَقْنَطُ مِنْ رَحْمَةِ اللهِ•إِنَّ اللهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ • اَللهُ غَفُوْرٌ•

ترجمہ کرو:-يَا رَبِّي! رَحْمَتُكَ كَبِيْرَةٌ•تَرْزُقُ كُلَّ امْرِئٍ بِغَيْرِ حِسَابٍ •لَانَقْنَطُ مِنْ رَحْمَةِ اللهِ•مَنْ يَقْنَطُ مِنْ رَحْمَةِ اللهِ؟ أَوْلِيَاءُ اللهِ يَفْرَحُوْنَ دَائِمًا•لَا يَحْزَنُوْنَ أَبَدًا•يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ•لَهُمْ خَيْرٌ فِي الدُّنْيَا وَالْعُقْبٰى•

الدرس السابع والعشرون(۲۷)

اَلْأَمْثَالُ وَالْحِكَمُ

ترجمہ: ڈر ناکامی ہے•خاموشی سلامتی ہے•سلامتی غنیمت ہے•انسان کی مصیبت

زبان سے ہے • والد کے دوست لڑکے کے چچا ہیں • جیسا بوؤ گے (ویسا) کاٹو گے (جیسی کرنی ویسی بھرنی) • ہر کام کے لیے ایک وقت ہے • ہر کام کے لیے آدمی ہیں • علم انسان میں بادشاہ کے تاج کی طرح ہے • سچ اچھے لوگوں کی عادت ہے • اور جھوٹ برے لوگوں کی عادت ہے • علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد وعورت پر فرض ہے • ہر جان کو موت کا مزہ چکھنا ہے • ہر آنے والے کل کے لیے کھانا ہے • ہر جگہ کے لیے بات ہے • ترانہ خوشی کے ساتھ ہے • آج سلام ہے اور کل کلام ہے • آگ موسم سرما کا میوہ ہے • بغیر عمل کا علم بے پھل کے درخت کی طرح ہے • ساتھی راستہ سے پہلے ہے • نظر (لگنا) برحق ہے۔

جوابات:- اَلسَّلَامَةُ غَنِيمَةٌ • اَلْهَيْبَةُ خَيْبَةٌ • اَلْعِلْمُ زِيْنَةُ الْمَرْءِ • عَمُّ الْوَلَدِ صَدِيْقُ الْوَالِدِ • بَلَاءُ الْإِنْسَانِ مِنَ اللِّسَانِ • طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلىٰ كُلِّ مُسْلِمٍ وَ مُسْلِمَةٍ •

ترجمہ کرو:- كَمَا زَرَعْتَ حَصَدتَّ • كَمَا تَزْرَعُ تَحْصُدُ • لِكُلِّ سؤَالٍ جَوابٌ • لِكُلِّ عَمَلٍ ثَوَابٌ • اَلْأَدَبُ دَأبُ الْخِيَارِ • اَلْجِدُّ ضُرُوْرِيٌّ لِكُلِّ نَجَاحٍ • اَلْكَسْلُ سَبَبُ الْخَيْبَةِ • اَلْمُلْكُ الصَّالِحُ فَضْلُ اللهِ • يَدْخُلُ الْإِنْسَانُ بِاللِّسَانِ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ اَيْضًا • اُسْكُتُوْا لِأَنَّ السُّكُوْتَ مَحْمُوْدٌ • أَلَا تَعْلَمُوْنَ أَنَّ صَدِيْقَ الْوَالِدِ كَالْعَمِّ؟ اَدَبُهٗ وَاجِبٌ عَلَيْكُمْ •

الدرس الثامن والعشرون(۲۸)

وطن کا ترانہ

ترجمہ: ہم چھوٹے بچے ہیں، ہماری کوشش بڑوں کی طرح ہے • اور ہم فخر کے لیے اٹھے، بے شک وہ اچھوں کی عادت ہے • ہمارا فریضہ فساد اور فتنہ سے اپنے وطن حیدرآباد، دکن کی حفاظت کرنا ہے • بے شک وہ سکونت کے اعتبار سے اچھا ہے • ہمارا مذہب سلامتی کا مذہب ہے اس میں کوئی جھگڑا نہیں ہے • اس میں مخلوق کے لیے محبت اور اتحاد کا ایک درس ہے • ہم معزز

قوموں کے درمیان مکمل عزت طلب کرتے ہیں• ہمیں مخلوق کا کوئی خوف نہیں ہے، بے شک وہ شریف لوگوں کی عادت ہے• اللہ رب العزت سے اپنے درمیان عام صلح کا سوال کرتے ہیں• بے شک وہ رحم کرنے والا پروردگار ہے وہ بڑی کامیابی ہے•۔

تمرین(۳)

ترجمہ:-حیدر آباد ہندوستان کا ایک مشہور شہر ہے• اس کی ہوا اچھی ہے• نہ ٹھنڈی ہے اور نہ گرم ہے• اور اس کی زمین مناسب ہے• اس میں بہت باغ ہیں• اس میں ہر قسم کے میوے اگتے ہیں• حیدرآباد کے لوگ چاول زیادہ کھاتے ہیں اور روٹی کم کھاتے ہیں• زیادہ تر لوگوں کا دین اسلام ہے• اور بے شک اللہ کے نزدیک (پسندیدہ) دین اسلام ہے• اور وہ سلامتی کا دین ہے جھگڑے کا دین نہیں ہے• اس کے احکام قرآن مجید میں ہیں• اور وہ عربی زبان میں ہے• اور عربی بہترین زبان ہے• لیکن مسلمان اس زبان کو نہیں جانتے ہیں اور نہ وہ اس کی طرف مائل ہوتے ہیں• اور نہ اس کے پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں• اس زبان میں قرآن وحدیث ہے اور اس میں ہر دینی علم ہے• کیا اس کا پڑھنا تم پر ضروری نہیں ہے؟

اے لڑکو! جان لو بے شک وہ مشکل نہیں ہے • بلکہ لوگوں نے اپنی تعلیم کی وجہ سے اس کو مشکل بنالیا ہے • تو اللہ کے لیے غفلت چھوڑ دو • کوشش اور شوق سے عربی زبان سیکھو • اور اس سے قرآن وحدیث کو سمجھو • اور بے خوف ہوکر دین کی خدمت کرو • اور دین حق کی مدد کرو اور ایک خدا کی عبادت کرو • اور وہ اللہ عظمت والا ہے • تم سورج، چاند، وطن، گائے، آگ اور کسی دوسری چیز کو نہ پوجو • اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے • اور بے شک اللہ تعالیٰ ہر ممکن چیز پر قادر ہے۔

فهرس الفاظ الجزء الثاني

درس(۱)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی

طَاوِلَةٌ،ج:طَاوِلَاتٌ	میز، ٹیبل	مِبْرَاةٌ	قلم تراش
مَحَّايَةٌ	ربر	كُرَّاسَةٌ،ج:كَرَّاسَاتٌ	کاپی
رَسْمٌ،ج: رُسُوْمٌ	تصویر	قَبِيْحَةٌ	بری

درس(۲)

زَهْرٌ،ج: أَزْهَارٌ	پھول	عِنَبٌ،ج: أَعْنَابٌ	انگور
ثَمَرٌ،ج: أَثْمَارٌ	پھل	لَعِبٌ،ج:أَلْعَابٌ	کھیل
شَيْءٌ،ج:أَشْيَاءُ	چیز	وَلَدٌ،ج: أَوْلَادٌ	لڑکا
رَجُلٌ،ج: رِجَالٌ	مرد	بَيْتٌ،ج: بُيُوْتٌ	گھر
كِتَابٌ،ج: كُتُبٌ	کتب	دَرْسٌ،ج:دُرُوْسٌ	سبق
حَدِيْقَةٌ،ج: حَدَائِقُ	باغ	صَدِيْقٌ،ج:أَصْدِقَاءُ	دوست

درس(۳)

عُطْلَةٌ	چھٹی، تعطیل	اَلصَّيْفُ	موسم گرما
اَلشِّتَاءُ	موسم سرما	تِلْمِيْذٌ،ج: تَلَامِيْذُ	شاگرد
جَيِّدَةٌ	اچھی	رَدِيْئَةٌ	بیکار، بری
نُزْهَةٌ	تفریح	مَدِيْنَةٌ،ج: مَدَائِنُ	شہر
جَمِيْلٌ	خوبصورت	صَعْبٌ	سخت، ٹھوس

درس(۴)

خُلُقٌ،ج: أَخْلَاقٌ	اخلاق	طَيِّبٌ	اچھا
يَدٌ،ج: أَيْدِيْ	ہاتھ	مِحْفَظَةٌ	چمڑے کا تھیلا
قَلَمٌ،ج: أَقْلَامٌ	قلم	عَرَبَةٌ،ج: عَرَبَاتٌ	گاڑی

درس(۵)

أَيْنَ	کہاں	شُغْلٌ،ج: أَشْغَالٌ	کام

اَلاٰنَ	ابھی	إِيَابٌ	واپسی
يَوْمٌ، ج: أَيَّامٌ	دن	مَتىٰ	کب

درس (٦)

شَجَرٌ، ج: أَشْجَارٌ	درخت	كَلِمَةٌ، ج كَلِمٌ، كَلِمَاتٌ	بات
جَدِيْدٌ	نیا	لَحْمٌ، ج: لُحُوْمٌ	گوشت
كَوْبٌ، ج؛ أَكْوَابٌ	پیالہ، کپ،	طَرِيٌّ	تازہ
طَعَامٌ، ج: أَطْعِمَةٌ	کھانا	بَارِدٌ	ٹھنڈا
مَاءٌ، ج: مِيَاهٌ	پانی	حَارٌّ	گرم
قِطَّةٌ، ج: قِطَطٌ	بلّی	سَمِيْنَةٌ	موٹی
لَبَنٌ، ج: أَلْبَانٌ	دودھ	إِلٰهٌ ج: اٰلِهَةٌ	معبود
مُجْتَهِدٌ	محنتی	اِمْرَأَةٌ، ج: نِسَاءٌ	عورت

درس (٧)

فَرَنْجِيٌّ	یورپین۔انگریز	وَرْدَةٌ	گلاب
زَوْجَةٌ	بیوی، بیگم، اہلیہ	مَعَ	ساتھ
كَلْبٌ، ج: كِلَابٌ	کتا	رِيَاضَةٌ بَدَنِيَّةٌ	جسمانی ورزش
تَمْرِيْنٌ	مشق	مَسْرُوْرَةٌ	خوش

درس (٨)

خَرَجَ (ن)	وہ نکلا	ذَهَبَ (ف)	وہ گیا
جَلَسَ (ض)	وہ بیٹھا	صَفٌّ، ج: صُفُوْفٌ	جماعت، کلاس
رَجَعَ (ض)	وہ لوٹا	ثُمَّ	پھر

درس(۹)

أَكَلَ (ن)	اس نے کھایا	شَرِبَ (س)	اس نے پیا
قَرَأَ (ف)	اس نے پڑھا	حَفِظَ (س)	اس نے یاد کیا
أَمْسِ	گزشتہ کل	فَرِحَ (س)	وہ خوش ہوا
اَلتُّفَّاحُ	سیب	اَلْبُرْتَقَالُ	سنترہ
اَلتِّيْنُ	انجیر	نَعَمْ	ہاں

درس(۱۰)

نَهَضَ (ف)	وہ اٹھا (نیند سے)	اَخَذَ (ن)	اس نے لیا
سَأَلَ (ف)	اس نے پوچھا	سَمِعَ (س)	اس نے سنا
بَدَأَ (ف)	اس نے شروع کیا	سَكَتَ (ن)	وہ خاموش ہوا
اَلْعَرِيْفُ، ج: عُرَفَاءُ	مانیٹر	سَيِّدٌ، ج: سَادَةٌ	سردار، بڑا

درس(۱۱)

تَحْتُ	نیچے	نَظَرَ (ن)	اس نے دیکھا
قَطَفَ (ض)	اس نے توڑا	فَاكِهَةٌ، ج: فَوَاكِهُ	میوہ
بِغَيْرِ إِذْنٍ	بغیر اجازت	أَذِنَ (س)	اس نے اجازت دی
عَادَةٌ مَذْمُوْمَةٌ	بری عادت	قَلِيْلٌ	تھوڑا، کم

درس(۱۲)

فَعَلَ (ض، ف، ن، س)	اس نے کیا	ضَحِكَ (س)	وہ ہنسا
مَزَحَ (ف)	اس نے مذاق کیا	لَعِبَ (س)	وہ کھیلا
يَعْبُدُ (ن)	وہ عبادت کرتا ہے	يَرْكَعُ (ف)	وہ رکوع کرتا ہے

صَلٰوةٌ،ج: صَلٰوٰاتٌ	نماز	اَلْاٰنَ	ابھی

درس (۱۳)

فَهِمَ (س)	اس نے سمجھا	دَائِمًا	ہمیشہ
وَحِيْدٌ	تنہا	تَارَةً	کبھی
خُبْزٌ،ج: أَخْبَازٌ	روٹی،چپاتی	اَلرُّزُّ	چاول
اَلْغَدَاءُ	صبح کا کھانا	اَلْعَشَاءُ	شام کا کھانا
فَتْرَةٌ	انٹرول	شَيْئٌ،ج: أَشْيَاءُ	چیز

درس (۱۴)

كَتَبَ (ن)	اس نے لکھا	سَنَةٌ،ج: سِنِيْنَ	سال
شَهْرٌ،ج: أَشْهُرٌ،شُهُوْرٌ	مہینہ	يَوْمُ الْاِثْنَيْنِ	پیر
يَوْمُ الثُّلَاثَاءَ	منگل	يَوْمُ الْأَرْبِعَاءِ	بدھ
يَوْمُ الْخَمِيْسِ	جمعرات	يَوْمُ الْجُمُعَةِ	جمعہ
يَوْمُ السَّبْتِ	ہفتہ کا دن	بَرْنَامِجٌ	نظام الاوقات، پروگرام

درس (۱۵)

غَدًا	آنے والا کل	إِدَامٌ،ج: أُدُمٌ	سالن
فُرُوْضُ الْمَدْرَسَةِ	ہوم ورک	اَلشَّائُ	چائے
كُرَةُ الْقَدَمِ	فٹ بال	اَلنَّهَارُ	دن
اَللَّيْلُ	رات	جِدًّا	بہت

درس (۱۶)

خَلَقَ (ن)	اس نے پیدا کیا	اَلنَّاسُ	لوگ
عَالَمٌ،ج: عَالَمِیْنَ	دنیا	اَلطَّیِبَاتُ	پاکیزہ چیزیں
سَمَاءٌ،ج:سَمٰوٰتٌ	آسمان	عَرِفَ (ض)	اس نے پہچانا

درس(۱۷)

شَھِدَ (س)	اس نے گواہی دی	فَوْزٌ	کامیابی
جِدٌّ	کوشش	اَلْکَسْلَانُ	سست
ذَنْبٌ،ج: ذُنُوْبٌ	گناہ	غَفَرَ (ض)	اس نے بخشا

درس(۱۸)

عَلِیْمٌ	جاننے والا	رَخِیْصٌ	سستا
أَعْلَمُ	زیادہ جاننے والا	أَجْمَلُ	زیادہ خوبصورت
أَسْھَلُ	زیادہ آسان	أَنْفَعُ	زیادہ فائدہ مند
اَلْقَمَرُ،ج:أَقْمَارٌ	چاند	اَلنَّوْمُ	نیند
اَلشَّمْسُ،ج:شُمُوْسٌ	سورج	خَیْرٌ	بہتر،اچھا
شَرٌّ	برا	أَطْوَلُ	زیادہ لمبا

درس(۱۹)

اِلْبَسْ (س)	تو پہن	اِخْلَعْ (ف)	تو اتار
مُرْ (ن)	تو حکم دے	اُرْقُدْ(ن)	تو سو
ثَوْبٌ،ج: ثِیَابٌ	کپڑا	وَجْهٌ،ج: وُجُوْهٌ	چہرہ

درس(۲۰)

تَجْعَلُ (ف)	تو بناتا ہے	تَكْذِبُ (ض)	تو جھوٹ بولتا ہے
لَا تَتْرُكْ (ن)	تو مت چھوڑ	خَصْلَةٌ، ج: خِصَالٌ	عادت

درس (۲۱)

اٰفَةٌ، ج: اٰفاتٌ	آفت	اَلصِّدْقُ	سچ
مِسْكِيْنٌ، ج: مَسَاكِيْنُ	غریب	مَحْمُوْدٌ	پیارا، اچھا
نَصِيْحَةٌ، ج: نَصَائِحُ	نصیحت	عَظِيْمٌ	بڑا

درس (۲۲)

يَنْبُتُ (ن)	اگتا ہے	كُرَةٌ، ج: كُرَاتٌ	گیند
ثَخِيْنٌ	سخت، موٹا	رَقِيْقٌ	پتلا، باریک
قِشْرٌ، ج: قُشُوْرٌ	چھلکا	لَوْنٌ، ج: أَلْوَانٌ	رنگ
عَيْنٌ، ج: عُيُوْنٌ	آنکھ	حَلْقَةٌ، ج: حَلَقَاتٌ	دائرہ، چھلا،
لُبٌّ، ج: أَلْبَابٌ	مغز، گودا	حُلْوٌ	میٹھا
بَذْرٌ، ج: بُذُوْرٌ	بیج	أَخْضَرُ	ہرا

درس (۲۳)

يَحْلُبُ (ن)	وہ دودھ دوہتا ہے	لَبَّانٌ	دودھ فروش، گوالا
اَلْبَقَرَةُ	گائے	عِجْلٌ	بچھڑا، گائے بھینس کا بچہ
وَرَاءٌ	پیچھے	إِنَاءٌ، ج: اٰنِيَةٌ	برتن
رَوْبَةٌ،	دہی، چھاچھ	اَلْقِشْطَةُ	بالائی
اَلزُّبْدَةُ	مکھن	اَلسَّمَنُ	گھی

درس (۲۴)

عَلِمَ (س)	اس نے جانا	خَلَقَ (ن)	اس نے پیدا کیا
تُرَابٌ، ج: أَتْرِبَةٌ	مٹی	اَلنَّارُ، ج: نِيْرَانٌ	آگ
كَيْفَ	کیسے	أَيٌّ	کونسا
نَجْمُ، ج: نُجُوْمٌ	ستارہ	سَكَنَ (ن)	سکون پزیر ہوا
مَعَاشٌ	روزی	عَمِلَ (س)	اس نے کام کیا
جَبَلٌ، ج: جِبَالٌ	پہاڑ	بَحْرٌ، ج: بِحَارٌ	سمندر
مَاءٌ، ج: مِيَاهٌ	پانی	نَزَلَ بِ (ض)	وہ اترا، فروکش ہوا

درس (۲۵)

وَاحِدٌ	ایک	نِعْمَةٌ، ج: نِعَمٌ	نعمت
غَيْرُ	علاوہ	صَالِحٌ	نیک، اچھا
سِرٌّ، ج: أَسْرَارٌ	راز، بھید	جَهْرٌ	بلند، ظاہر، جو چھپا نہ ہو
بَصِيْرٌ	دیکھنے والا	عَبْدٌ، ج: عِبَادٌ	بندہ، غلام،
شَدِيْدٌ	سخت	عِقَابٌ	سزا
رَحِيْمٌ	مہربان	غَفُوْرٌ	بخشنے والا
يَعْصِمُ (ض)	وہ بچاتا ہے	يَحْكُمُ (ن)	وہ فیصلہ کرے گا

درس (۲۶)

وَلِيٌّ، ج: أَوْلِيَاءُ	دوست، مددگار	حَزِنَ (س)	وہ رنجیدہ ہوا
فَوْزٌ	کامیابی	مُلْكٌ	حکومت، اقتدار
ظَلَمَ (ض)	اس نے ظلم کیا	اٰمِنًا (س)	سلامتی والا
حَسَنَةٌ	نیکی، اچھائی	قَنِطَ (س)	وہ ناامید ہوا
صِرَاطٌ، ج: صُرُطٌ	راستہ	مُسْتَقِيْمٌ	سیدھا

بَشَرٌ	انسان	اَلْخُلْدُ	ہمیشگی
غَنِيٌّ،ج:أَغْنِيَاءُ	مالدار، بے نیاز	حَمِيْدٌ	لائق تعریف
أَجَلٌ،ج:آجَالٌ	موت	أُمَّةٌ،ج:أُمَمٌ	قوم
رَسُوْلٌ،ج:رُسُلٌ	پیغام رساں، قاصد	كَثِيْرٌ	زیادہ

درس (۲۷)

هَيْبَةٌ	ڈر/خوف	خَيْبَةٌ	ناکامی، نامرادی
اَلسُّكُوْتُ	خاموشی	بَلَاءٌ	مصیبت
اَللِّسَانُ،ج:أَلْسِنَةٌ	زبان	عَمٌّ،ج:أَعْمَامٌ	چچا
زَرَعَ (ف)	اس نے بویا	حَصَدَ (ن)	اس نے کاٹا
اَلْمَرْءُ،ج:رِجَالٌ	آدمی	مَلِكٌ،ج:مُلُوْكٌ	بادشاہ
تَاجٌ،ج:أَتْوِجَةٌ	تاج	دَأْبٌ	عادت
خِيَارٌ	اچھے لوگ	شِرَارٌ	برے خراب لوگ
نَشِيْدٌ،ج:أَنَاشِيْدُ	ترانہ، گانا	مَسَرَّةٌ	خوشی
رَفِيْقٌ،ج:رُفَقَاءُ	ساتھی	اَلطَّرِيْقُ،ج:طُرُقٌ	راستہ

درس (۲۸)

فِخَارٌ	اعزاز، سربلندی	فِتْنَةٌ،ج:فِتَنٌ	مصیبت، پریشانی
شَرٌّ،ج:شُرُوْرٌ	بدی، فساد، گناہ	خِصَامٌ	جھگڑا
أَنَامٌ	مخلوق، لوگ	وِئَامٌ	اتحاد، اتفاق
عَمِيْمٌ	وہ چیز جو عام ہو	حَارٌّ	گرم
رَغِبَ (س)	وہ مائل ہوا	جَهَدَ (ف)	اس نے کوشش کی